بسم اللہ الرحمن الرحیم
وتعاونوا علی البر والتقویٰ
إدارة إشاعة الإسلام لاهور
مدعوا عنی ولوایة

www.KitaboSunnat.com

اسلام کے بنیادی عقائد

العقیدہ الطحاویۃ، تألیف الإمام أبي جعفر أحمد بن محمد بن سلامۃ الأزدي المصري
الطحاوي الحنفي المتوفي سنہ ۳۲۱ھ بمطابق سنہ ۹۳۳

تحقیق وترجمہ وتعلیق
پروفیسر ڈاکٹر رانا خالد مدنی
مترجم مواجہ شریفہ روضہ اقدس، مسجد نبوی، مدینہ منورہ
فاضل مدینہ یونیورسٹی پی ایچ ڈی
چیئرمین ادارہ اشاعت اسلام لاہور

ادارہ اشاعت اسلام لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

معزز قارئین توجہ فرمائیں!

کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ....

- عام قاری کے مطالعے کے لیے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد اپ لوڈ (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کی خاطر ڈاؤن لوڈ، پرنٹ، فوٹو کاپی اور الیکٹرانک ذرائع سے محض مندرجات نشرواشاعت کی مکمل اجازت ہے۔

☆ تنبیہ ☆

- کسی بھی کتاب کو تجارتی یا مادی نفع کے حصول کی خاطر استعمال کرنے کی ممانعت ہے۔
- ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کے لیے استعمال کرنا اخلاقی، قانونی وشرعی جرم ہے۔

﴿اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں﴾

- نشرواشاعت، کتب کی خرید وفروخت اور کتب کے استعمال سے متعلقہ کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

kitabosunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

وَتَعَاوَنُوا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى
ادارہ اشاعت اسلام لاہور
بَلِّغُوا عَنِّي وَلَوْ آيَة

57

اسلام کے بنیادی عقائد

(العقيدة الطحاوية،تأليف الإمام أبي جعفر أحمد بن محمد بن سلامة الأزدي المصري الطحاوي الحنفي)
(المتوفي 321ہجری بمطابق 933ء)

www.KitaboSunnat.com

تحقیق و ترجمہ و تعلیق

پروفیسر ڈاکٹر رانا خالد مدنی
مترجم مواجہ شریفہ، روضہ اقدس، مسجد نبوی، مدینہ منورہ
(فاضل مدینہ یونیورسٹی پی ایچ ڈی)
چیئرمین ادارہ اشاعتِ اسلام لاہور

ادارہ اشاعت اسلام لاہور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

❁ جملہ حقوق ❁
❁ بحق محقق و مترجم محفوظ ہیں ❁

❁ نام .... اسلام کے بنیادی عقائد "العقیدۃ الطحاویۃ" ❁
❁ تحقیق وترجمہ وتعلیق .... پروفیسر ڈاکٹر رانا خالد مدنی ❁
❁ مترجم مواجہ شریفہ، روضہ اقدس، مسجد نبوی، چیئرمین ادارہ اشاعت اسلام لاہور ❁
❁ پہلا ایڈیشن .... 2014ء ❁
❁ شائع کردہ .... ادارہ اشاعت اسلام لاہور ❁
❁ کمپیوٹر کوڈ (Ebooks-57) (4=60)(5=50)(6=40) (B=36) ❁
❁ آئی ایس بی این .... 978-696-9403-03-3 ❁
❁ قیمت .... 100 روپے ❁

ادارہ اشاعت اسلام لاہور
❁ 408- گلشن بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور۔ 54570 ❁
☎ : 042-37811745
📱 : 0306-4476055

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فہرست

❀ دیباچہ ---------- 8-5

❀ مختصر سوانح حیات امام طحاوی ---------- 10-9

❀ متن مترجم العقیدۃ الطحاویۃ ---------- 43-11

❀ کاہن ونجومی کے بارے میں علمی معلومات ---------- 42-37

❀ مصادر ومراجع ---------- 52-43

❀ مطبوعات ادارہ اشاعت اسلام لاہور ---------- 64-53

❀❀❀

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دیباچہ

إِنَّ الْحَمْدَ لِلَّهِ نَحْمَدُهُ وَنَسْتَعِيْنُهُ وَنَسْتَغْفِرُهُ، وَنَعُوْذُ بِاللَّهِ مِنْ شُرُوْرِ أَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّئَاتِ أَعْمَالِنَا مَنْ يَهْدِهِ اللَّهُ فَلَا مُضِلَّ لَهُ، وَمَنْ يُضْلِلْ فَلَا هَادِيَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ۔

امابعد: دین اسلام کے بنیادی اصولی عقائد میں بیشمار کتب تحریر کی گئی ہیں جن میں سے کچھ اہم یوں ہیں: أصول السنة للإمام الحميدي، وخلق أفعال العباد للإمام البخاري، الرد على الجهمية للإمام الدارمي، ورد الإمام الدارمي على بشر المريسي، وكتاب السنة للإمام عبدالله الشيباني، و شرح السنة للإمام البربهاري، والأبانة عن شريعة الفرقة الناجية ومجانبة الفرق المذمومة للإمام ابن بطة، ومقالات الإسلاميين واختلاف المصلين للإمام الأشعري، وعقيدة السلف أصحاب الحديث للإمام الصابوني، وقطف الثمر في بيان عقيدة أهل الأثر للعلامة صديق حسن خان، وإعلام السنة المنشورة لاعتقاد الطائفة الناجية المنصورة للعلامة الحكمي وغيرهم، اور جن میں سے "العقيدة الطحاوية" بہت اہم ہے، مختصر ہے مگر جامع، اس میں امام طحاوی نے اہل السنّت والجماعت یعنی مسلمانوں کا عقیدہ مجمل طور پر بیان کیا ہے جس میں اللہ رب العالمین کی عظمت توحید اور وحدانیت خالق ورازق کل مخلوقات، مالک زمین وآسمان عرش وکرسی، جس کا کوئی شریک مثل نہیں ہے محیی ومیت مقدر لکھنے والا سپر پاور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طاقت کا سرچشمہ، عالم غیب، ہونے کے قاطع دلائل، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے بندے اور رسول وخاتم انبیاء وسید المرسلین اور محبت رسول خلفاء الراشدین عشرہ مبشرہ بالجنہ ہونے کے مستند دلائل، معراج، حوض کوثر، شفاعت کے لافانی دلائل، قرآن اور سنت کی عظمت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی محبت وحقانیت، ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام کلیم اللہ، اور تمام رسل وانبیاء، کسی اہل قبلہ کو گناہ کی وجہ سے کفار نہیں کہا جا سکتا، مومن کا عقیدہ امید اور خوف کے درمیان ہے، امت محمدیہ کے گناہ گار ہمیشہ جہنم میں مخلد نہیں رہیں گے، ظالم حکمرانوں، ملک الموت، خروج دجال، نزول عیسیٰ، مغرب سے طلوع شمس، دابہ کا خروج، جنت جہنم، میزان پل صراط، قیامت، کاہن نجومی کے کافر ہونے کے ثبوت، جماعت حق ہے اور فرقہ واریت باطل ہے، اللہ تعالیٰ کا دین اسلام زمین اور آسمان پر ایک ہے، دین تشدد اور تقصیر تشبیہ اور تعطیل جبر اور تقدیر، امید اور نا امیدی کے درمیان ہے مشبہ معتزلہ جہمیہ جبریہ قدریہ یہ تمام فرق باطلہ ہیں جبکہ اہل السنّت والجماعت ان تمام گمراہ فرق باطلہ کے عقائد سے بری ہیں ان تمام عقائد پر مختصر گفتگو کی گئی ہے جو مسلمانوں کے بنیادی عقائد کی ترجمانی کرتی ہے اس کتابچہ میں موجود ہے۔

علماء کرام نے اس کتابچہ ”العقيدة الطحاوية“ کی تشریح وتوضیح وتخریج کی جن میں سے چند اہم یوں ہیں: شرح الطحاوية في العقيدة السلفية للعلامة ابن أبي العز الحنفي، و شرح العقيدة الطحاوية المسمىٰ (إتحاف السائل بما في الطحاوية من مسائل، شرح الشيخ صالح بن عبد العزيز آل الشيخ، و شرح العقيدة الطحاوية (التعليقات المختصرة على متن العقيدة الطحاوية، شيخ صالح الفوزان، و شرح العقيدة الطحاوية للشيخ عبدالعزيز الراجحي، وشرح العقيدة الطحاوية، للشيخ سفربن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عبدالرحمن الحوالي، والتعليقات الأثرية على العقيدة الطحاوية لأئمة الدعوة السلفية، الشيخ محمد بن عبدالعزيز بن مانع رحمه الله، والشيخ عبدالعزيز بن عبدالله بن باز رحمه الله، والعلامة محمد ناصر الدين الألباني رحمه الله، جمع وإعداد، أحمد بن يحيىٰ الزهراني.

ہم نے اس کتابچہ کی مزید تحقیق کر کے تمام عبارت پر اعراب لگائے ہیں جس میں تمام مطبوعہ شدہ متن یعنی " العقيدة الطحاوية" سے مدد لی ہے حتیٰ کہ عبارت میں کوئی سقم نہ رہے اور ترجمہ واضح طور پر صاف شفاف اور سلیس ہو جن مطبوعہ شدہ ایڈیشنوں پر اعتماد کیا گیا ہے ان میں سے قدیم تر مکہ مکرمہ میں بتاریخ: 1343 ہجری کو شائع ہوا تھا، پھر 1373 ہجری کو مصر میں اور پھر 1381 ہجری کو دمشق میں اور پھر 1391 ہجری کو بیروت میں اور یہ تمام شرح کے ساتھ ہیں جب کہ 1397 ہجری میں مکتب اسلامی بیروت نے صرف متن شائع کیا، اور اس طرح مکتبہ الکوثر نے 1413 میں شائع کیا، اور مزید مطبوعہ نسخ جن میں شیخ احمد محمد شاکر کا نسخہ اور مطبعہ سلفیہ مکہ مکرمہ 1349 ہجری اور 1392 میں شائع شدہ مکتب اسلامی بیروت کا نسخہ، 1412 ہجری میں موسسۃ الرسالۃ کا شائع کردہ نسخہ اس طرح مکتبہ دار البیان کا شائع کردہ نسخہ جسے 1401 ہجری میں شائع کیا گیا ہے۔

ترجمہ آسان زبان میں کیا گیا ہے، جہاں پر مزید وضاحت کی شدید ضرورت محسوس کی گئی ہے اسے حاشیہ میں بیان کیا گیا ہے جبکہ امام طحاوی رحمہ اللہ کا مختصر تعارف کا بھی ذکر کیا گیا ہے "العقيدة الطحاوية" کے ترجمہ کرنے کا مقصد صحیح عقائد کو ترویج دینا اور عقائد باطلہ کی تردید کرنا مقصود ہے کیونکہ مسلمان جس وجہ سے پریشان و ندمان ہیں اس کی اصل وجہ عقائد باطلہ ہے جو ہم نے یہود و ہنود اور غیروں سے درآمد کیے ہیں جب کہ کچھ عقائد باطلہ مسلمانوں کے فاسد عقائد رکھنے والے فرقوں سے ہمیں ملے ہیں اس لیے ہمیں "العقيدة

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الطحاوية" کے مطالعہ سے عقائد باطلہ وفاسدہ سے نجات ملے گی اور صحیح عقائد پر عمل پیرا ہو کر ہم اپنے آپ کو مضبوط اور متحد کر کے دشمن کے ساتھ مقابلہ کے لیے ایک صف میں یکجا ہو کر سرخرو ہوں گے اور دنیا وآخرت میں کامیاب اور کامران ہوں گے۔

"العقيدة الطحاوية" کی شرح مدینہ یونیورسٹی کے تمام کالجوں میں تعلیمی نصاب کا حصہ ہے جو اس کی اہمیت اور مرتبہ کا واضح ثبوت ہے جبکہ دنیا کے بیشمار اداروں میں یہ کتابچہ نصاب کا لازمی حصہ قرار دیا گیا ہے اس طرح پاکستان کے دینی تدریسی اداروں میں بھی نصاب کا حصہ ہے حکومت کے ماہر تعلیم سے میں استدعا کرتا ہوں کہ اس کتابچہ کو نصاب کا حصہ بنایا جائے جس سے فاسد عقائد کی تردید اور صحیح عقائد کی تعلیم وترویج ہوگی۔

آخر میں ان تمام ساتھیوں کا شکر گزار ہوں جنہوں نے ترجمہ، کمپوزنگ، تصحیح میں ہمارے ساتھ تعاون کیا۔

اللہ رب العالمین سے التجا کرتا ہوں کہ ہمارا یہ کام قبول فرمائے، آمین ثم آمین۔

والحمدلله رب العالمين، وصلى الله على محمد وآله وصحبه وسلم تسليما

لاہور: یکم رمضان 1430ھ ہجری

تحقیق وترجمہ وتعلیق

ڈاکٹر رانا خالد مدنی

چیئرمین ادارہ اشاعت اسلام لاہور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علامہ طحاوی کا مختصر تعارف

آپ کا نام ونسب: أحمد بن محمد بن سلامة بن مسلمة بن عبدالملک بن سلمة بن سليمان الأزدي الحجري المصري الطحاوي الحنفي ابن أخت المزني.

کنیت: أبو جعفر.

نسبت: الطحاوي، نسبت ہے طحا شہر کی طرف جو مصر میں واقع ہے مگر علامہ سیوطی کہتے ہیں کہ امام طحاوی طحا شہر کے نہیں بلکہ طحا شہر کے قریب ایک گاؤں ہے جس کا نام طحطوط ہے جس کی نسبت طحطوطی ہے جس کو لوگ نسبت کرنے سے کراہت کرتے ہیں (لب اللباب في تحرير الأنساب: 2587).

شہرت: محدّث، وفقيه.

ولادت: طحا (طحطوط) مصر کے معروف شہر میں 239 ہجری بمطابق 852ء ہوئی۔

تعلیم: آپ نے پہلے مذہب شافعی کی تعلیم حاصل کی، اور پھر مذہب حنفی کی اور آپ بیک وقت حدیث اور فقہ کے ماہر تھے اور خاص طور پر فقہ حنفی میں بہت اعلیٰ مقام پایا، اور مصر میں فقہ حنفی کی ریاست حاصل کی۔

تعلیم کے لیے سفر: آپ نے شام، بیت المقدس، غزۃ، عسقلان، دمشق تعلیم کے حصول کے لیے سفر کیا اور تعلیم حاصل کر کے پھر مصر واپس تشریف لائے۔

آپ کے اساتذہ: مزنی صاحب امام الشافعی، اور احمد بن ابی عمران، ویونس بن عبد الاعلی، وہارون بن سعید الایلی، ومحمد بن عبداللہ بن عبدالحکم، وابراہیم بن ابی داود الضریس، وغیرہم۔

آپ کے شاگرد: آپ کا بیٹا علی، اور سلیمان بن احمد الطبرانی، وابوالحسین محمد بن المظفر، ویوسف بن القاسم المیانجی، واحمد بن عبدالوارث الزجاج، وعبدالعزیز بن محمد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الجوہری وغیرہم۔

علماء کرام کے اقوال:

امام سمعانی کہتے ہیں: کہ آپ ثقہ ثبت فقہ کے امام تھے آپ جیسا بعد میں کوئی نہیں آیا (الأنساب: 6589).

امام ذہبی کہتے ہیں: آپ امام اور بہت بڑے حافظ، محدث مصر اور فقہ کے عالم تھے (سیر أعلام النبلاء: 27/15).

امام سیوطی کہتے ہیں: آپ امام علامہ حافظ ثقہ ثبت فقہ کے امام تھے آپ کے بعد آپ جیسا کوئی نہیں آیا آپ پر مصر میں حنفی فقہ کی ریاست ختم ہوئی (حسن المحاضرة في أخبار مصر والقاهرة: 299/1).

آپ کی تصنیفات: آپ نے بہت کتب تحریر کی ہیں جن میں سے کچھ اہم کا ذکر کیا جا رہا ہے: كتاب شرح معاني الآثار، وكتاب مشكل الآثار في أحاديث رسول الله صلى الله عليه وسلم، وكتاب اختلاف الفقهاء، والعقيدة (العقيدة الطحاوية)، وأحكام القرآن، والوصايا، والتاريخ الكبير، و الشروط الكبير، والشروط الصغير، وكتاب المختصر الصغير، وكتاب المختصر الكبير، وشرح الجامع الكبير، وشرح الجامع الصغير، وكتاب نقض، وكتاب المدلسين، وكتاب التسوية بين حدثنا وأخبرنا، وكتاب المحاضر والسجلات، وكتاب الفرائض وغیرہ۔

آپ کی وفات: آپ کی وفات ذی القعدہ 321 ہجری بمطابق: 933ء مصر میں ہوئی ①۔

---

① مزید معلومات کے لئے ملاحظہ فرمائیں: الفهرست: 292، وطبقات الفقهاء: 143، الأنساب: 6589، وتذكرة الحفاظ: 808/3، وسير أعلام النبلاء: 27/15، والعبر في خبر من غبر: 11/2، وحسن المحاضرة في أخبار مصر والقاهرة: 299/1، وطبقات الحفاظ: 767، والموسوعة العربية العالمية (Global Arabic Encyclopedia).

❀❀❀

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلَىٰ أَشْرَفِ الْأَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِينَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ وَعَلَىٰ آلِهِ وَصَحْبِهِ أَجْمَعِينَ.

قَالَ الْعَلَّامَةُ حُجَّةُ الْإِسْلَامِ أَبُو جَعْفَرٍ الْوَرَّاقُ الطَّحَاوِيُّ- بِمِصْرَ- رَحِمَهُ اللَّهُ:

هَـٰذَا ذِكْرُ بَيَانِ عَقِيدَةِ أَهْلِ السُّنَّةِ وَالْجَمَاعَةِ، عَلَىٰ مَذْهَبِ فُقَهَاءِ الْمِلَّةِ أَبِي حَنِيفَةَ النُّعْمَانِ بْنِ ثَابِتٍ الْكُوفِيِّ، وَأَبِي يُوسُفَ يَعْقُوبَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ الْأَنْصَارِيِّ، وَأَبِي عَبْدِ اللَّهِ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الشَّيْبَانِيِّ - رِضْوَانُ اللَّهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِينَ - وَمَا يَعْتَقِدُونَ مِنْ أُصُولِ الدِّينِ، وَيَدِينُونَ بِهِ رَبَّ الْعَالَمِينَ.

الحمد للہ رب العالمین، حجۃ الاسلام علامہ ابوجعفر الوراق الطحاوی مصری رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

یہ اہل السنّت والجماعت کے ان عقائد کا مجموعہ ہے جو فقہاءِ قوم وملت امام ابوحنیفہ نعمان بن ثابت کوفی، اور امام ابو یوسف یعقوب بن ابراہیم الانصاری اور امام ابوعبداللہ محمد بن الحسن الشیبانی رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین، اصول دین کے بارے میں جو اعتقاد رکھتے ہیں، جو اللہ رب العالمین کے ہاں دین رکھتے ہیں وہ یہ ہے:

1- نَقُولُ فِي تَوْحِيدِ اللَّهِ - مُعْتَقِدِينَ بِتَوْفِيقِ اللَّهِ - إِنَّ اللَّهَ وَاحِدٌ لَا شَرِيكَ لَهُ.

۞ ہم اللہ پاک کی توحید کے بارے میں اس کی توفیق سے کہتے ہیں: کہ اللہ پاک یکتا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

2- وَلَا شَيْءَ مِثْلُهُ.

۞ اور اس کی مثل کوئی چیز ہے ہی نہیں۔

3- وَلَا شَيْءَ يُعْجِزُهُ.

۞ اور کوئی چیز اس کو عاجز نہیں کر سکتی۔

4- وَلَا إِلَهَ غَيْرُهُ.

۞ اور اس کے سوا کوئی معبود ہے ہی نہیں۔

5- قَدِيمٌ بِلَا ابْتِدَاءٍ دَائِمٌ بِلَا انْتِهَاءٍ.

۞ وہ ایسا قدیم ہے جس کی ابتداء نہیں، وہ ایسا باقی رہنے والا ہے جس کے بقاء کی کوئی انتہاء نہیں ہے۔

6- لا يَفنَى ولا يَبِيدُ.

۞ وہ ایسی ذات ہے جس کا فناء اور زوال کبھی نہیں۔

7- وَلَا يَكُونُ إِلَّا مَا يُرِيدُ.

۞ جو وہ چاہے گا ہوتا رہے گا۔

8- لَا تَبْلُغُهُ الْأَوْهَامُ، وَلَا تُدْرِكُهُ الْأَفْهَامُ.

۞ وہ وہموں کی رسائی سے پاک ہے، اور فہم اس کا ادراک نہیں کر سکتی۔

9- وَلَا يُشْبِهُ الْأَنَامَ.

۞ اور وہ مخلوق کی مشابہت سے پاک ہے۔

10- حَيٌّ لَا يَمُوتُ، قَيُّومٌ لَا يَنَامُ.

۞ وہ ایسا زندہ ہے جسے کبھی موت واقع نہیں ہوگی، وہ ایسا نگران محافظ ہے جو کبھی سوتا ہی نہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

11- خَالِقٌ بِلَا حَاجَةٍ، رَازِقٌ بِلَا مُؤْنَةٍ.

۞ وہ ایسا خالق ہے جسے مخلوق کی حاجت نہیں، وہ ایسا رازق ہے جسے رزق دینے میں کسی کی مدد مطلوب نہیں۔

12- مُمِيتٌ بِلَا مَخَافَةٍ، بَاعِثٌ بِلَا مَشَقَّةٍ.

۞ بلاخوف موت واقع کرنے والا ہے، بلا مشقت دوبارہ زندہ کرنے والا ہے۔

13- مَا زَالَ بِصِفَاتِهِ قَدِيمًا قَبْلَ خَلْقِهِ، لَمْ يَزْدَدْ بِكَوْنِهِمْ شَيْئًا لَمْ يَكُنْ قَبْلَهُمْ مِنْ صِفَتِهِ، وَكَمَا كَانَ بِصِفَاتِهِ أَزَلِيًّا، كَذَلِكَ لَا يَزَالُ عَلَيْهَا أَبَدِيًّا.

۞ اس کی ذات اپنی صفات کے ذریعہ تصرف سے قبل ہی ان صفات کے ساتھ ہمیشہ سے متصف ہے، کسی صفت کا عدمِ ظہور اس صفت کے عدم وجود کو ثابت نہیں کرتا، وہ جیسے اپنی صفات میں ازلی ہے اسی طرح ان صفات کے ساتھ ابدی بھی رہے گا۔

14- لَيْسَ بَعْدَ خَلْقِ الْخَلْقِ اسْتَفَادَ اسْمَ "الْخَالِقِ"، وَلَا بِإِحْدَاثِ الْبَرِيَّةِ اسْتَفَادَ اسْمَ "الْبَارِي".

۞ مخلوق کی پیدائش کے بعد ''الخالق'' کے نام سے منسوب نہیں ہوا، نہ ہی کائنات کے بنانے کے بعد ''الباری'' کا نام اسے ملا ہے بلکہ تمام صفاتی نام ہمیشہ سے اس کی ذات کا حصہ ہیں۔

15- لَهُ مَعْنَى الرُّبُوبِيَّةِ وَلَا مَرْبُوبَ، وَمَعْنَى الْخَالِقِ وَلَا مَخْلُوقَ.

۞ وہ ہستی سب کو پالتی ہے خود پلنے سے منزہ ہے، وہ خالق ہے، مخلوق ہونے سے پاک ہے۔

16- وَكَمَا أَنَّهُ مُحْيِي الْمَوْتَى بَعْدَمَا أَحْيَا اسْتَحَقَّ هَذَا الِاسْمَ قَبْلَ إِحْيَائِهِمْ، كَذَلِكَ اسْتَحَقَّ اسْمَ الْخَالِقِ قَبْلَ إِنْشَائِهِمْ.

۞ اس کا ایک نام ''محيي الموتى'' ہے یہ نام مخلوق کو مرنے کے بعد دوبارہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زندہ کرنے کی وجہ سے نہیں رکھا گیا، یہ نام تو مخلوق کی پیدائش سے قبل ہی اس کی ذات کا حصہ ہے، اسی طرح خالق کا لفظ مخلوق کے تخلیق کی بعد سے نہیں بلکہ وہ ہستی ہمیشہ سے خالق کی صفت سے آراستہ ہے۔

17- ذٰلِکَ بِأَنَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ وَكُلُّ شَيْءٍ إِلَيْهِ فَقِيرٌ، وَكُلُّ أَمْرٍ عَلَيْهِ يَسِيرٌ، لَا يَحْتَاجُ إِلَىٰ شَيْءٍ: ﴿لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ﴾[الشوریٰ:11].

۞ کیونکہ وہ ہر چیز پر قادر ہے، اور ہر چیز اس کی محتاج ہے، اور ہر کام اس کے لیے آسان ہے، وہ کسی چیز کا محتاج نہیں: ''اس جیسی کوئی چیز نہیں اور وہ سنتا اور دیکھتا بھی ہے''۔

18- خَلَقَ الخَلْقَ بِعِلْمِهِ.

۞ اس نے مخلوق کو اپنے علم سے پیدا کیا ہے۔

19- وَقَدَّرَ لَهُمْ أَقْدَارًا.

۞ اور ہر مخلوق کی تقدیر لکھ دی ہے۔

20- وَضَرَبَ لَهُمْ آجالاً.

۞ ہر مخلوق کی موت کا وقت طے کر دیا ہے۔

21- ولم يَخْفَ عَليهِ شَيْءٌ قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَهُمْ، وَعَلِمَ ما هُمْ عَامِلُونَ قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَهُمْ.

۞ اور کوئی مخلوق اپنی تخلیق سے پہلے اس سے مخفی اور پوشیدہ نہیں تھی، اسے مخلوق کے سرانجام دینے والے اعمال کا اُن کی پیدائش سے قبل معلوم تھا۔

22- وأَمَرَهُمْ بِطَاعَتِهِ، ونَهَاهُمْ عَنْ مَعْصِيَتِهِ.

۞ اور اس نے مخلوق کو اپنی اطاعت کا حکم دیا ہے اور نافرمانی سے باز رہنے کا حکم فرمایا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

23- وَكُلُّ شَيْءٍ يَجْرِي بِتَقْدِيرِهِ وَمَشِيئَتِهِ، وَمَشِيئَتُهُ تَنفُذُ، لَا مَشِيئَةَ لِلْعِبَادِ، إِلَّا مَا شَاءَ لَهُمْ، فَمَا شَاءَ لَهُمْ كَانَ، وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ.

۞ ہر چیز اللہ پاک کی تقدیر اور اس کی مرضی کے موافق چل رہی ہے۔ اسی کی مشیت کا سکہ چلتا ہے نہ کہ مخلوق کی چاہت پوری ہو کر رہتی ہے، مگر جس وقت اللہ پاک مخلوق کی چاہت پوری کرنے کا فیصلہ فرما دے۔ لہٰذا جس چیز کا فیصلہ اللہ پاک نے مخلوق کے لیے فرما دیا وہ ہو کر رہتا ہے اور جس کا فیصلہ نہیں فرمایا وہ کام کبھی پورا نہیں ہوتا۔

24- يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ، وَيَعْصِمُ وَيُعَافِي فَضْلًا، وَيُضِلُّ مَنْ يَشَاءُ، وَيَخْذُلُ وَيَبْتَلِي عَدْلًا.

۞ وہ جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے، جسے چاہتا ہے گناہوں سے محفوظ رکھتا ہے اور جسے چاہتا ہے اپنے فضل سے معاف فرما دیتا ہے۔ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے، جسے چاہتا ہے اپنی مدد و نصرت ہٹا لیتا ہے اور آزمائش میں مبتلا کر دینا عین انصاف ہے۔

25- وَكُلُّهُمْ يَتَقَلَّبُونَ فِي مَشِيئَتِهِ، بَيْنَ فَضْلِهِ وَعَدْلِهِ.

۞ ہر شے اس کی مشیت کے گرد گھومتی رہتی ہے، اس کے فضل اور عدل کے درمیان۔

26- وَهُوَ مُتَعَالٍ عَنِ الْأَضْدَادِ وَالْأَنْدَادِ.

۞ اور وہ بہت بلند ہے مخالف اور شریک سے۔

27- لَا رَادَّ لِقَضَائِهِ، وَلَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهِ، وَلَا غَالِبَ لِأَمْرِهِ.

۞ کوئی اس کے فیصلے کو ٹالنے والا نہیں ہے، نہ کوئی اس کے حکم سے سرتابی کر سکتا ہے اور کوئی اس کے امر سے روگردانی کرنے والا نہیں ہے۔

28- آمَنَّا بِذَلِكَ كُلِّهِ، وَأَيْقَنَّا أَنَّ كُلًّا مِنْ عِنْدِهِ.

۞ ہم ان تمام باتوں پر ایمان رکھتے ہیں، کامل یقین رکھتے ہیں کہ یہ سب کچھ اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی طرف سے ہے۔

29- وَإِنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ الْمُصْطَفَى، وَنَبِيُّهُ الْمُجْتَبَى، وَرَسُولُهُ الْمُرْتَضَى.

۞ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے منتخب کردہ بندے، چنے ہوئے نبی، پسندیدہ رسول ہیں۔

30- وَإِنَّهُ خَاتِمُ الْأَنْبِيَاءِ①، وَإِمَامُ الْأَتْقِيَاءِ، وَسَيِّدُ الْمُرْسَلِينَ، وَحَبِيبُ رَبِّ الْعَالَمِينَ.

۞ آپ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم الانبیاء، امام الاتقیاء، سید المرسلین اور حبیب رب العالمین ہیں۔

31- وَكُلُّ دَعْوَى النُّبوةِ بَعدَهُ فَغيٌّ وَهَوًى.

۞ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کے بعد کسی شخص کا بھی دعویٰ نبوت کرنا ہلاکت (کفر، ضلالت، نامرادی) اور نفسانی خواہش (گمراہی) ہے۔

32- وَهُوَ الْمَبْعُوثُ إِلَى عَامَّةِ الْجِنِّ وَكَافَّةِ الْوَرَى، بِالْحَقِّ وَالْهُدَى، وَبِالنُّورِ وَالضِّيَاءِ.

۞ آپ صلی اللہ علیہ وسلم عام جنات اور تمام انسانیت کی طرف حق، ہدایت، نور اور روشنی کے ساتھ مبعوث فرمائے گئے ہیں۔

---

① قرآن کریم میں یہ آیت وارد ہے ﴿مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِنْ رِجَالِكُمْ وَلَكِنْ رَسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ﴾ [سورة الأحزاب: 40] سات قراء حضرات کی قراءت، "خَاتِمَ" ہے اور امام طحاوی کی بھی یہی قراءت تھی جبکہ "خَاتَمَ" یہ قراءت فقط عاصم کی ہے، ملاحظہ فرمائیں: (إتحاف السائل بما في الطحاوية من مسائل: 89).

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

33-(وَإِنَّ الْقُرآنَ كَلامُ اللّٰهِ، مِنْهُ بَدَا بِلا كَيْفِيَّةٍ قَوْلاً، وَأَنْزَلَهُ عَلىٰ رَسُولِهِ وَحْيًا، وَصَدَّقَهُ الْمُؤْمِنُونَ عَلىٰ ذٰلِکَ حَقًّا، وَأَيْقَنُوا أَنَّهُ كَلامُ اللّٰهِ تَعَالَىٰ بِالْحَقِيقَةِ، لَيْسَ بِمَخْلُوقٍ كَكَلامِ الْبَرِيَّةِ، فَمَنْ سَمِعَهُ فَزَعَمَ أَنَّهُ كَلامُ الْبَشَرِ فَقَدْ كَفَرَ، وَقَدْ ذَمَّهُ اللّٰهُ وَعَابَهُ وَأَوْعَدَهُ بِسَقَرَ حَيْثُ قَالَ تَعَالَىٰ: ﴿سَأُصْلِيهِ سَقَرَ﴾[المدثر:26] فَلَمَّا أَوْعَدَ اللّٰهُ بِسَقَرَ لِمَنْ قَالَ: ﴿إِنْ هَذَا إِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ﴾[المدثر:25]، عَلِمْنَا وَأَيْقَنَّا أَنَّهُ قَوْلُ خَالِقِ الْبَشَرِ، وَلَا يُشْبِهُ قَوْلَ الْبَشَرِ.

بے شک قرآن مجید اللہ پاک کی کلام ہے، جو اللہ پاک سے تکلم کی کیفیت کے بغیر صادر ہوا ہے، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی کی صورت میں نازل ہوا ہے، مؤمنین نے حق مانتے ہوئے اس کی تصدیق کی، اور اسے حقیقتاً کلام اللہ ہونے کا یقین کیا ہے۔ یہ انسانیت کے کلام کی طرح مخلوق نہیں ہے، جس نے اسے سن کر بشر کے کلام کی طرح خیال کیا اس نے کفر اختیار کرلیا، اللہ پاک ایسے شخص کی مذمت کرتے ہوئے جہنم میں داخل کرنے کا وعدہ کرتے ہیں جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿سَأُصْلِيهِ سَقَرَ﴾ (المدثر:26) ''عنقریب میں اس کو سقر (جہنم کے نچلے طبقے) میں ڈالوں گا''، اللہ پاک سقر میں اس شخص کو ڈالنے کا وعدہ فرماتے ہیں جو یہ کہے: ﴿إِنْ هَذَا إِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ﴾ (المدثر:25).

اس آیت سے ہمیں معلوم ہوگیا اور ہمیں یقین آگیا کہ خالق بشر کا کلام ہے اور یہ قرآن مجید بشر کے کلام کے مشابہ نہیں ہے۔

34- وَمَنْ وَصَفَ اللّٰهَ بِمَعْنًى مِنْ مَعَانِي الْبَشَرِ، فَقَدْ كَفَرَ، مَنْ أَبْصَرَ هَذَا اعْتَبَرَ، وَعَنْ مِثْلِ قَوْلِ الْكُفَّارِ انْزَجَرَ، وَعَلِمَ أَنَّ اللّٰهَ بِصِفَاتِهِ لَيْسَ كَالْبَشَرِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۞ جس نے بھی اللہ تعالیٰ کی ذات کو بشری صفات کے ساتھ موصوف کیا اس نے کفر کیا، جس نے اس میں غور کیا اسے عبرتیں حاصل ہوئیں، کفار کے قول کے مثل کلام کرنے سے منع کیا گیا ہے، معلوم ہوا کہ یہ کلام اللہ کی صفات میں سے ہے، بشر کے کلام کی مشابہ کلام نہیں ہے۔

35- وَالرُّؤْيَةُ حَقٌّ لِأَهْلِ الْجَنَّةِ، بِغَيْرِ إِحَاطَةٍ وَلَا كَيْفِيَّةٍ، كَمَا نَطَقَ بِهِ كِتَابُ رَبِّنَا: ﴿وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ إِلَىٰ رَبِّهَا نَاظِرَةٌ﴾[القيامة:22-23]، وَتَفْسِيرُهُ عَلَىٰ مَا أَرَادَ اللَّهُ تَعَالَىٰ وَعَلِمَهُ، وَكُلُّ مَا جَاءَ فِي ذَٰلِكَ مِنَ الْحَدِيثِ الصَّحِيحِ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهُوَ كَمَا قَالَ، وَمَعْنَاهُ عَلَىٰ مَا أَرَادَ، لَا نَدْخُلُ فِي ذَٰلِكَ مُتَأَوِّلِينَ بِآرَائِنَا وَلَا مُتَوَهِّمِينَ بِأَهْوَائِنَا، فَإِنَّهُ مَا سَلِمَ فِي دِينِهِ إِلَّا مَنْ سَلَّمَ لِلَّهِ عَزَّ وَجَلَّ وَلِرَسُولِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَدَّ عِلْمَ مَا اشْتَبَهَ عَلَيْهِ إِلَىٰ عَالِمِهِ.

۞ اللہ پاک کا دیدار اہلِ جنت کے لیے ثابت ہے، یہ دیدار اللہ پاک کی ذات کے احاطہ اور کیفیت کے بغیر ہوگا، اس رؤیت کے بارے میں قرآن حمید میں ارشاد ہے:

﴿وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ ۞ إِلَىٰ رَبِّهَا نَاظِرَةٌ﴾ (القیامہ:22-23) اس کی تفسیر یہ ہوگی کہ جو اللہ پاک چاہیں گے، جو اس کے علم میں ہے اور جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحیح احادیث میں بیان فرمایا ہے جیسا کہ صحیح حدیث میں اس کے معنیٰ یہ آئے ہیں کہ یہ زیارت اس طرح کی ہوگی جو اللہ چاہیں گے۔ اس رؤیت کے مسئلہ میں ہم اپنی تاویلوں سے آراء قائم نہیں کر سکتے، اور نہ ہی اسے اپنے وہموں میں جگہ دے سکتے ہیں۔ کیونکہ وہی شخص اپنے دین کو سلامت رکھ سکتا ہے جو اللہ عزوجل اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمانبردار ہونے (اطاعت، حکم) کی تعمیل کرے۔ اور جو چیز اسے شک وشبہ میں ملوث کر دے اس کے بارے اس میں علم رکھنے والے سے پوچھ لے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

36- وَلَا تَثْبُتُ قَدَمُ الْإِسْلَامِ إِلَّا عَلَىٰ ظَهْرِ التَّسْلِيمِ وَالِاسْتِسْلَامِ، فَمَنْ رَامَ عِلْمَ مَا حُظِرَ عَنْهُ عِلْمُهُ، وَلَمْ يَقْنَعْ بِالتَّسْلِيمِ فَهْمُهُ، حَجَبَهُ مَرَامُهُ عَنْ خَالِصِ التَّوْحِيدِ، وَصَافِي الْمَعْرِفَةِ، وَصَحِيحِ الْإِيمَانِ، فَيَتَذَبْذَبُ بَيْنَ الْكُفْرِ وَالْإِيمَانِ، وَالتَّصْدِيقِ وَالتَّكْذِيبِ، وَالْإِقْرَارِ وَالْإِنْكَارِ، مُوَسْوَسًا تَائِهًا، زَائِغًا شَاكًّا، لَا مُؤْمِنًا مُصَدِّقًا، وَلَا جَاحِدًا مُكَذِّبًا.

۞ اسلام کے پاؤں (نشان) تابعداری فرمانبرداری پر ہی جمتے ہیں، اور جس نے ارادہ کیا کہ ایسا علم حاصل کروں جس سے منع کیا گیا ہے، اور اس نے تابعداری پر قناعت نہ کی، اس سے خالص توحید کی مراد پوشیدہ ہوگئی، اس نے صاف معرفت، صحیح ایمان کو نظر انداز کر دیا۔ وہ کفر و ایمان، تکذیب و تصدیق اور اقرار و انکار کے مابین تذبذب کا شکار رہا، وہم پرست، شکی مزاج ہو کر نہ کامل مؤمن و مصدق نہ ہی کھلا منکر اور مکذب رہا۔

37- وَلَا يَصِحُّ الْإِيمَانُ بِالرُّؤْيَةِ لِأَهْلِ دَارِ السَّلَامِ لِمَنِ اعْتَبَرَهَا مِنْهُمْ بِوَهْمٍ أَوْ تَأَوَّلَهَا بِفَهْمٍ، إِذْ كَانَ تَأْوِيلُ الرُّؤْيَةِ وَتَأْوِيلُ كُلِّ مَعْنًى يُضَافُ إِلَىٰ الرُّبُوبِيَّةِ تَرْكَ التَّأْوِيلِ وَلُزُومَ التَّسْلِيمِ، وَعَلَيْهِ دِينُ المسلمين، وَمَنْ لَمْ يَتَوَقَّ النَّفْيَ وَالتَّشْبِيهَ زَلَّ وَلَمْ يُصِبِ التَّنْزِيهَ، فَإِنَّ رَبَّنَا -عز وجل- مَوْصُوفٌ بِصِفَاتِ الْوَحْدَانِيَّةِ، مَنْعُوتٌ بِنُعُوتِ الْفَرْدَانِيَّةِ، لَيْسَ فِي مَعْنَاهُ أَحَدٌ مِنَ الْبَرِيَّةِ.

۞ اللہ پاک کے دیدار میں وہم اور تاویل مذموم ہے اور دیدار پر اعتقاد رکھنے پر دین اسلام کی بنیاد ہے، اور جو نفی اور تشبیہ سے نہ بچا، وہ گمراہی میں پڑ گیا اور اللہ تعالیٰ کی عظمت و تقدس نہ کر سکا، کیونکہ ہمارا رب جل وعلا وحدانیت کی صفات سے موسوم ہے، اور انفرادیت سے موصوف ہے، کیونکہ اس مقدس ذات جیسا اور کوئی نہیں ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

38- وَتَعَالَىٰ عَنِ الْحُدُودِ وَالْغَايَاتِ وَالْأَرْكَانِ وَالْأَعْضَاءِ وَالْأَدَوَاتِ، لَا تَحْوِيهِ الْجِهَاتُ السِّتُّ كَسَائِرِ الْمُبْتَدَعَاتِ.

۞ اللہ پاک کی ذات حدود و جہات سے، اعضاء و جوارح سے، شکل وصورت سے بلند و بالا ہے۔ اس کی ذات جہات ستہ میں عام چیزوں کی طرح مقید نہیں ہے۔

39- وَالْمِعْرَاجُ حَقٌّ، وَقَدْ أُسْرِيَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعُرِجَ بِشَخْصِهِ فِي الْيَقَظَةِ، إِلَى السَّمَاءِ، ثُمَّ إِلَىٰ حَيْثُ شَاءَ اللَّهُ مِنَ الْعُلَا وَأَكْرَمَهُ اللَّهُ بِمَا شَاءَ، وَأَوْحَىٰ إِلَيْهِ مَا أَوْحَىٰ ﴿ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَأَىٰ ﴾[النجم: 11]، فَصَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ فِي الْآخِرَةِ وَالْأُولَىٰ.

۞ معراج حق ہے، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو رات کو سیر کرائی گئی (رات کو مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک لے جایا گیا) اور آپ کے جسم مبارک کو بیداری کی حالت میں آسمانوں کی طرف لے جایا گیا، پھر وہاں سے جتنا اللہ پاک نے چاہا بلند کیا، آپ کا اللہ پاک نے جو چاہا اکرام فرمایا، اور آپ کی طرف جتنی چاہی وحی فرمائی ''آپ کے دل نے جو کچھ دیکھا اس کی تکذیب نہیں کی'' اللہ پاک آپ پر دنیا و آخرت میں رحمتیں نازل فرمائے۔

40- وَالْحَوْضُ الَّذِي أَكْرَمَهُ اللَّهُ تَعَالَى بِهِ -غِيَاثًا لِأُمَّتِهِ- حَقٌّ.

۞ اور حوض کوثر جس پر اللہ تبارک وتعالیٰ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کی فریاد رسی فرماتے ہوئے اکرام فرمائیں گے وہ برحق ہے۔

41- وَالشَّفَاعَةُ الَّتِي ادَّخَرَهَا لَهُمْ حَقٌّ، كَمَا رُوِيَ فِي الْأَخْبَارِ.

۞ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شفاعت امت کے لیے محفوظ رکھی ہے وہ حق ہے جیسا کہ روایات میں آتا ہے۔

42- وَالْمِيثَاقُ الَّذِي أَخَذَهُ اللَّهُ تَعَالَىٰ مِنْ آدَمَ وَذُرِّيَّتِهِ حَقٌّ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۞ وہ عہد جو ذات باری تعالیٰ نے اولادِ آدم سے لیا ہے حق و سچ ہے۔

43- وَقَدْ عَلِمَ اللّٰهُ تَعَالَىٰ فِيمَا لَمْ يَزَلْ عَدَدَ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ، وَعَدَدَ مَنْ يَدْخُلُ النَّارَ جُمْلَةً وَاحِدَةً، فَلَا يُزَادُ فِي ذَٰلِكَ الْعَدَدُ وَلَا يُنْقَصُ مِنْهُ.

۞ اللہ تعالیٰ کو اہلِ جنت، اہلِ جہنم کی تعداد انفرادی اور مجموعی طور پر روزِ اول سے معلوم ہے۔ اس تعداد میں اضافہ ہوگا اور نہ کبھی کمی واقع ہوگی۔

44- وَكَذَٰلِكَ أَفْعَالُهُمْ فِيمَا عَلِمَ مِنْهُمْ أَنْ يَفْعَلُوهُ، وَكُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ، وَالْأَعْمَالُ بِالْخَوَاتِيمِ، وَالسَّعِيدُ مَنْ سَعِدَ بِقَضَاءِ اللّٰهِ، وَالشَّقِيُّ مَنْ شَقِيَ بِقَضَاءِ اللّٰهِ.

۞ اسی طرح حق سبحانہ وتعالیٰ بندوں کے افعال کو جو انہوں نے کیے ہیں، کرتے ہیں یا کریں گے سب کو جانتا ہے۔ اور ہر بندے کو انہیں اعمال کی توفیق ملتی ہے جن اعمال کے لیے وہ پیدا ہوا ہے، اصل اعتبار اعمال کے خاتمہ پر ہے، سعید وہ ہے جو اللہ تبارک وتعالیٰ کے ہاں سعادت مند لکھ دیا گیا اور شقی و بدبخت وہ ہے جو اللہ پاک کے نزدیک نامراد لکھ دیا گیا۔

45- وَأَصْلُ الْقَدَرِ سِرُّ اللّٰهِ تَعَالَىٰ فِي خَلْقِهِ، لَمْ يَطَّلِعْ عَلَىٰ ذَٰلِكَ مَلَكٌ مُقَرَّبٌ، وَلَا نَبِيٌّ مُرْسَلٌ، وَالتَّعَمُّقُ وَالنَّظَرُ فِي ذَٰلِكَ ذَرِيعَةُ الْخِذْلَانِ، وَسُلَّمُ الْحِرْمَانِ، وَدَرَجَةُ الطُّغْيَانِ، فَالْحَذَرَ كُلَّ الْحَذَرِ مِنْ ذَٰلِكَ نَظَرًا وَفِكْرًا وَوَسْوَسَةً، فَإِنَّ اللّٰهَ تَعَالَىٰ طَوَىٰ عِلْمَ الْقَدَرِ عَنْ أَنَامِهِ، وَنَهَاهُمْ عَنْ مَرَامِهِ، كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالَىٰ فِي كِتَابِهِ: ﴿لَا يُسْأَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْأَلُونَ﴾[الأنبياء: 23]، فَمَنْ سَأَلَ: لِمَ فَعَلَ؟ فَقَدْ رَدَّ حُكْمَ الْكِتَابِ، وَمَنْ رَدَّ حُكْمَ الْكِتَابِ كَانَ مِنَ الْكَافِرِينَ.

۞ تقدیر کی حقیقت یہ ہے کہ وہ مخلوق کے بارے میں اللہ پاک کا راز اور بھید ہے، جس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے کوئی مقرب فرشتہ نہ کوئی فرستادہ پیغمبر باخبر ہے۔اس میں غور وفکر اللہ کے نزدیک رسوائی خواری کا ذریعہ، محرومی وسرکشی کا درجہ ہے۔اس کی باریکی میں گھسنے سے مکمل اجتناب لازمی ہے، اللہ تعالیٰ نے تقدیر کا علم مخلوق سے مخفی رکھا اور اس میں گھسنے سے روکا ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿لَا يُسْأَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْأَلُونَ﴾[الانبیاء:23]

''اللہ پاک سے جو وہ کام سرانجام دیتا ہے کوئی سوال کرنے والا نہیں ہے جبکہ لوگوں سے پوچھا جائے گا''۔

لہذا جس نے اللہ تعالیٰ سے پوچھنے کی جسارت کی، اس نے قرآن پاک کے حکم کو مسترد کیا، اور جو قرآن کریم کے حکم کو مسترد کرتا ہے وہ کافر ہو جاتا ہے۔

46- فَهَـذَا جُـمْلَةُ مَا يَحْتَاجُ إِلَيْهِ مَنْ هُوَ مُنَوَّرٌ قَلْبُهُ مِنْ أَوْلِيَاءِ اللَّهِ تَـعَـالَـىٰ، وَهِيَ دَرَجَةُ الرَّاسِخِينَ فِي الْعِلْمِ؛ لِأَنَّ الْعِلْمَ عِلْمَانِ: عِلْمٌ فِي الْخَلْقِ مَوْجُودٌ، وَعِلْمٌ فِي الْخَلْقِ مَفْقُودٌ، فَإِنْكَارُ الْعِلْمِ الْمَوْجُودِ كُفْرٌ، وَادِّعَاءُ الْعِلْمِ الْمَفْقُودِ كُفْرٌ، وَلَا يَثْبُتُ الْإِيمَانُ إِلَّا بِقَبُولِ الْعِلْمِ الْمَوْجُودِ، وَتَرْكِ طَلَبِ الْعِلْمِ الْمَفْقُودِ.

یہ وہ امور ہیں جن کی ان اولیاء اللہ کو ضرورت ہے جن کے سینے اللہ پاک نے اپنے نور سے منور کر دیئے، اور انہیں راسخین فی العلم کے درجہ پر فائز فرما دیا ہے کیونکہ علم دو ہی طرح کا ہوتا ہے: ایک علم وہ ہے جو مخلوقات میں موجود ہے۔دوسرا علم وہ ہے جو مخلوقات میں معدوم ہے، پس جس طرح موجود علم کا انکار کفر ہے، اسی طرح معدوم علم کا دعوی بھی کفر ہے، ایمان موجود علم کو ماننے اور معدوم کو چھوڑ دینے کا نام ہے۔

47- وَنُؤْمِنُ بِاللَّوْحِ وَالْقَلَمِ، وَبِجَمِيعِ مَا فِيهِ قَدْ رُقِمَ، فَلَوِ اجْتَمَعَ الْخَلْقُ كُلُّهُمْ عَلَىٰ شَيْءٍ كَتَبَهُ اللَّهُ تَعَالَىٰ فِيهِ -يعني في اللوح- أَنَّهُ كَائِنٌ؛

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لِيَجْعَلُوهُ غَيْرَ كَائِنٍ- لَمْ يَقْدِرُوا عَلَيْهِ، وَلَوِ اجْتَمَعُوا كُلُّهُمْ عَلَىٰ شَيْءٍ لَمْ يَكْتُبْهُ اللّٰهُ تَعَالَىٰ فِيهِ؛ لِيَجْعَلُوهُ كَائِنًا - لَمْ يَقْدِرُوا عَلَيْهِ، جَفَّ الْقَلَمُ بِمَا هُوَ كَائِنٌ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَمَا أَخْطَأَ الْعَبْدَ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيبَهُ، وَمَا أَصَابَهُ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَهُ.

۞ اور ہم لوح وقلم اور جو کچھ اس میں رقم کیا گیا اس پر ایمان رکھتے ہیں۔ اگر ساری مخلوق جمع ہو کر اللہ تبارک وتعالیٰ کے تقدیر میں لکھے ہوئے فیصلہ کو غیر مؤثر کرنا چاہیں تو ساری مخلوقات مل کر ایسا نہیں کرسکتیں، اور اگر تمام متحد ہو کر کوئی ایسا کام کرنا چاہیں جو اللہ تعالیٰ نے لوح محفوظ میں نہیں لکھا تو وہ ایسا نہیں کر سکتے۔ قیامت تک ہونے والے کاموں کو لکھ کر قلم خشک ہو چکا ہے۔ جو بندے کے ساتھ پیش آیا وہ اس سے خطا ہونے والا نہیں تھا، جو پیش نہیں آیا وہ پیش آنے والا نہیں تھا۔

48- وَعَلَىٰ الْعَبْدِ أَنْ يَعْلَمَ أَنَّ اللّٰهَ قَدْ سَبَقَ عِلْمُهُ فِي كُلِّ كَائِنٍ مِنْ خَلْقِهِ، فَقَدَّرَ ذٰلِكَ تَقْدِيرًا مُحْكَمًا مُبْرَمًا، لَيْسَ فِيهِ نَاقِضٌ وَلَا مُعَقِّبٌ، وَلَا مُزِيلٌ وَلَا مُغَيِّرٌ، وَلَا نَاقِصٌ وَلَا زَائِدٌ مِنْ خَلْقِهِ فِي سَمَاوَاتِهِ وَأَرْضِهِ، وَذٰلِكَ مِنْ عَقْدِ الْإِيمَانِ وَأُصُولِ الْمَعْرِفَةِ وَالِاعْتِرَافِ بِتَوْحِيدِ اللّٰهِ تَعَالَىٰ وَرُبُوبِيَّتِهِ كَمَا قَالَ تَعَالَىٰ فِي كِتَابِهِ: ﴿وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهُ تَقْدِيرًا﴾[الفرقان:2]، وَقَالَ تَعَالَىٰ: ﴿وَكَانَ أَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَقْدُورًا﴾[الأحزاب:38]، فَوَيْلٌ لِمَنْ صَارَ لِلّٰهِ تَعَالَىٰ فِي الْقَدَرِ خَصِيمًا، وَأَحْضَرَ لِلنَّظَرِ فِيهِ قَلْبًا سَقِيمًا، لَقَدِ الْتَمَسَ بِوَهْمِهِ فِي فَحْصِ الْغَيْبِ سِرًّا كَتِيمًا، وَعَادَ بِمَا قَالَ فِيهِ أَفَّاكًا أَثِيمًا.

۞ اور بندے کے لیے ضروری ہے کہ وہ جان لے کہ اللہ تعالیٰ کو اپنی تمام پیدا ہونے والی مخلوق کا علم پہلے سے ہے، جسے تقدیر محکم ومبرم کے طور پر لکھ دیا ہے، جس میں کوئی کمی کرنے والا ہے نہ کوئی اسے پیچھے کرنے والا ہے۔ اور نہ ہی کوئی اسے ختم کرنے والا ہے نہ کوئی اس

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں تبدیلی لانے والا ہے۔آسمان وزمین میں کوئی مخلوق اس تقدیر کے لکھے ہوئے سے زائد ہے نہ کم۔اور یہ اسلامی عقیدہ ہے،معرفت کی بنیاد ہے،اللہ پاک کی توحید اور ربوبیت کا اعتراف واقرار ہے،جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں:﴿وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهُ تَقْدِيرًا﴾(الفرقان:3)۔

''اوراس نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے پس بہترین انداز مقرر فرمادیا ہے''۔

اورارشادربانی ہے:﴿وَكَانَ أَمْرُ اللَّهِ قَدَرًا مَقْدُورًا﴾(الأحزاب:38)۔

''اوراللہ پاک کاامر طے شدہ انداز ہوتا ہے''۔

لہٰذااس شخص کے لیے ہلاکت ہے جو اللہ تعالیٰ کی تقدیر میں حصہ دار بنے،اوراس میں قلب سقیم سے غور کرتا رہے،مخفی غیب کے رازوں کو جاننے کے لیے وہمی جستجو میں لگا رہے،اس معاملے میں گنہگار بہتان تراش کی طرح لب کشائی کرتا رہا۔

49- وَالْعَرْشُ وَالْكُرْسِيُّ حَقٌّ.

۞ اورعرش اور کرسی برحق ہیں۔

50- وَهُوَ مُسْتَغْنٍ عَنِ الْعَرْشِ وَمَا دُونَهُ.

۞ اللہ رب العزت عرش اوراس کے علاوہ تمام چیزوں سے مستغنی ہیں۔

51- مُحِيطٌ بِكُلِّ شَيْءٍ وَفَوْقَهُ، وَقَدْ أَعْجَزَ عَنِ الْإِحَاطَةِ خَلْقَهُ.

۞ اللہ تعالیٰ نے تمام کائنات احاطہ کیا ہوا ہے اور آپ (عرش کے)اوپر ہیں،مخلوق اس کے احاطہ کرنے سے عاجز ہے۔

52- وَنَقُولُ: إِنَّ اللَّهَ اتَّخَذَ إِبْرَاهِيمَ خَلِيلًا، وَكَلَّمَ اللَّهُ مُوسَىٰ تَكْلِيمًا، إِيمَانًا وَتَصْدِيقًا وَتَسْلِيمًا.

۞ ہمارا عقیدہ،ایمان تابعداری ہے کہ اللہ پاک نے ابراہیم علیہ السلام کو اپنا خلیل منتخب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فرمایا ہے، اور موسیٰ علیہ السلام کو کلیم اللہ ہونے کا شرف بخشا ہے۔

53- وَنُؤْمِنُ بِالْمَلَائِكَةِ وَالنَّبِيِّينَ، وَالْكُتُبِ الْمُنَزَّلَةِ عَلَى الْمُرْسَلِينَ، وَنَشْهَدُ أَنَّهُمْ كَانُوا عَلَى الْحَقِّ الْمُبِينِ.

۞ اور ملائکہ، رسولوں پر اور ان پر نازل ہونے والی کتابوں پر ایمان لائے ہیں اور یہ گواہی دیتے ہیں کہ وہ واضح حق پر تھے۔

54- وَنُسَمِّي أَهْلَ قِبْلَتِنَا مُسْلِمِينَ مُؤْمِنِينَ، مَا دَامُوا بِمَا جَاءَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُعْتَرِفِينَ، وَلَهُ بِكُلِّ مَا قَالَ وَأَخْبَرَ مُصَدِّقِينَ.

۞ ہم اہل قبلہ کو مسلمان و مومن کے نام سے پکارتے رہیں گے جب تک وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کے پیغام کو مانتے رہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کی تصدیق کرتے رہیں۔

55- وَلَا نَخُوضُ فِي اللَّهِ، وَلَا نُمَارِي فِي دِينِ اللَّهِ.

۞ اور ہم اللہ رب العزت کی ذات کے بارے میں تکلف نہیں کرتے اور مشغول نہیں رہتے اور اللہ پاک کے دین میں شک وشبہ نہیں کرتے۔

56- وَلَا نُجَادِلُ فِي الْقُرْآنِ، وَنَشْهَدُ أَنَّهُ كَلَامُ رَبِّ الْعَالَمِينَ، نَزَلَ بِهِ الرُّوحُ الْأَمِينُ، فَعَلَّمَهُ سَيِّدَ الْمُرْسَلِينَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ كَلَامُ اللَّهِ تَعَالَى لَا يُسَاوِيهِ شَيْءٌ مِنْ كَلَامِ الْمَخْلُوقِينَ، وَلَا نَقُولُ بِخَلْقِهِ، وَلَا نُخَالِفُ جَمَاعَةَ الْمُسْلِمِينَ.

۞ اور قرآن پاک کے بارے میں نہیں جھگڑتے، گواہی دیتے ہیں کہ وہ رب العالمین کا کلام مقدس ہے، جو روح الامین کے ذریعہ سید المرسلین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پر نازل ہوا، پھر آپ کو جبرائیل علیہ السلام نے سکھلایا اور تعلیم دی۔ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام مقدس ہے، کسی مخلوق کا کوئی بھی کلام اس کے مساوی نہیں ہوسکتا، ہم خلقِ قرآن کا عقیدہ نہیں رکھتے،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور اہل السنّت والجماعت کی مخالفت نہیں کرتے۔

57- وَلَا نُكَفِّرُ أَحَدًا مِنْ أَهْلِ الْقِبْلَةِ بِذَنْبٍ، مَا لَمْ يَسْتَحِلَّهُ.

۞ اور کسی مسلمان اہل قبلہ کے کسی گناہ کی وجہ سے تکفیر نہیں کرتے جب تک وہ اس گناہ کو حلال سمجھ کر نہ کرنے لگ جائے۔

58- وَلَا نَقُولُ لَا يَضُرُّ مَعَ الْإِيمَانِ ذَنْبٌ لِمَنْ عَمِلَهُ.

۞ اور ہم اس عقیدہ کے قائل بھی نہیں ہیں کہ گنہگار کو اس کے ایمان کی وجہ سے گناہ کا ارتکاب کوئی ضرر نہیں پہنچاتا۔

59- نَرْجُو لِلْمُحْسِنِينَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ أَنْ يَعْفُوَ عَنْهُمْ، وَيُدْخِلَهُمُ الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِهِ، وَلَا نَأْمَنُ عَلَيْهِمْ، وَلَا نَشْهَدُ لَهُمْ بِالْجَنَّةِ، وَنَسْتَغْفِرُ لِمُسِيئِهِمْ، وَنَخَافُ عَلَيْهِمْ، وَلَا نُقَنِّطُهُمْ.

۞ اور نیک مومنوں کے گناہوں کی معافی، اللہ کے فضل سے ان کے لیے جنت کے دخول کی امید کرتے ہیں، ان کی نجات کے بارے میں مطمئن ہیں نہ ان کے واسطے جنت کی گواہی دیتے ہیں۔ ان میں گنہگاروں کے لیے استغفار کرتے ہیں، ان کے بارے میں ڈرتے رہتے ہیں مگر مایوس و ناامید بھی نہیں ہیں۔

60- وَالْأَمْنُ وَالْإِيَاسُ يَنْقُلَانِ عَنْ مِلَّةِ الْإِسْلَامِ، وَسَبِيلُ الْحَقِّ بَيْنَهُمَا لِأَهْلِ الْقِبْلَةِ.

۞ امید (بے خوفی) فقط اور ناامیدی (خوف) فقط ① اسلام سے خارج کردیتے ہیں، جبکہ امید (بے خوفی) اور ناامیدی (خوف) کے درمیان قائم رہنا مسلمانوں کے لیے برحق راستہ ہے۔

---

① یہ کہ انسان صرف تمام زندگی امید اور بے خوفی میں گزار دے، یا ناامیدی (خوف) میں، ایسا کرنا اسے اسلام سے خارج کردیتا ہے جو کفر ہے مگر اہل ایمان کا عقیدہ ان دونوں کے درمیان ہونا چاہیے، کہ اللہ رب العالمین سے امید بھی رکھے اور ڈرے بھی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

61- وَلَا يَخْرُجُ الْعَبْدُ مِنَ الْإِيمَانِ إِلَّا بِجُحُودِ مَا أَدْخَلَهُ فِيهِ.

۞ اور کوئی بندہ ایمان سے اس وقت تک نہیں خارج ہوتا جب تک وہ کسی ایسی بات کا انکار نہ کردے جس کا اقرار کر کے ایمان میں داخل ہوا تھا۔

62- وَالْإِيمَانُ: هُوَ الْإِقْرَارُ بِاللِّسَانِ، وَالتَّصْدِيقُ بِالْجَنَانِ.

۞ اور ایمان: زبان کے اقرار اور دل سے تصدیق کرنے کو کہتے ہیں①۔

63- وَجَمِيعُ مَا صَحَّ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الشَّرْعِ وَالْبَيَانِ كُلُّهُ حَقٌّ.

۞ اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام قول وفعل جو صحیح ثابت ہیں وہ برحق ہیں۔

64- وَالْإِيمَانُ وَاحِدٌ وَأَهْلُهُ فِي أَصْلِهِ سَوَاءٌ، وَالتَّفَاضُلُ بَيْنَهُمْ بِالْخَشْيَةِ وَالتُّقَى، وَمُخَالَفَةِ الْهَوَى، وَمُلَازَمَةِ الْأَوْلَى.

۞ اور ایمان ایک ہی ہے، اہل ایمان اس کی اصل میں سب کے سب برابر ہیں②، تقویٰ وخشیت، خواہشات کی مخالفت اور ایمان کی اساس سے وابستگی اختیار کر کے مختلف مراتب میں تقسیم ہوتے ہیں۔

---

① اہل السنّت والجماعت کے قریب ایمان کی صحیح تعریف میں ایک اور شق زیادہ ہے: کہ عمل بھی داخل ہے کیونکہ ایمان عمل صالح سے زیادہ ہوتا ہے اور عمل بد سے اس میں کمی آتی ہے (ملاحظہ فرمائیں: شرح العقيدة الطحاوية لأبي العز الحنفي: 213، وإتحاف السائل بما في الطحاوية من مسائل: 394، والتعليقات المختصرة على متن العقيدة الطحاوية: 149، وشرح العقيدة الطحاوية للشيخ الراجحي: 236، والفقه الأكبر: 16).

② اہل السنّت والجماعت کے قریب ایمان کے درجات ہیں اور سب لوگ اس میں برابر نہیں ہیں (ملاحظہ فرمائیں: شرح العقيدة الطحاوية لأبي العز الحنفي: 230، وإتحاف السائل بما في الطحاوية من مسائل: 410، والتعليقات المختصرة على متن العقيدة الطحاوية: 146، وشرح العقيدة الطحاوية للشيخ الراجحي: 244، واعتقادات فرق المسلمين والمشركين: 65).

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

65- وَالْمُؤْمِنُونَ كُلُّهُمْ أَوْلِيَاءُ الرَّحْمَنِ، وَأَكْرَمُهُمْ عِنْدَ اللَّهِ أَطْوَعُهُمْ وَأَتْبَعُهُمْ لِلْقُرْآنِ.

✿ تمام مومنین اللہ تبارک وتعالیٰ کے دوست وولی ہیں، مگر اللہ پاک کے ہاں ان میں سب سے زیادہ مکرم وہ ہے جو سب سے زیادہ اطاعت گذار ہے اور قرآن کا متبع ہے۔

66- وَالْإِيمَانُ: هُوَ الْإِيمَانُ بِاللَّهِ، وَمَلَائِكَتِهِ، وَكُتُبِهِ، وَرُسُلِهِ، وَالْيَوْمِ الْآخِرِ، وَالْقَدَرِ خَيْرِهِ وَشَرِّهِ، وَحُلْوِهِ وَمُرِّهِ مِنَ اللَّهِ تَعَالَىٰ.

✿ اور ایمان: ایمان باللہ، ایمان بالملائکہ، ایمان بالکتب، ایمان بالرسل، ایمان بالیوم الآخر، ایمان بالقدر اور ایمان بالخیر والشر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے②۔

67- وَنَحْنُ مُؤْمِنُونَ بِذَلِكَ كُلِّهِ، لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِنْ رُسُلِهِ، وَنُصَدِّقُهُمْ كُلَّهُمْ عَلَىٰ مَا جَاءُوا بِهِ.

✿ اور ہم ان سب باتوں پر ایمان رکھتے ہیں، اللہ پاک کے کسی رسول میں تفریق نہیں کرتے، ان کی اور جو پیغام لے کر وہ مبعوث ہوئے اس کی تصدیق کرتے ہیں۔

68- وَأَهْلُ الْكَبَائِرِ "مِنْ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ" فِي النَّارِ لَا يُخَلَّدُونَ، إِذَا مَاتُوا وَهُمْ مُوَحِّدُونَ، وَإِنْ لَمْ يَكُونُوا تَائِبِينَ بَعْدَ أَنْ لَقُوا اللَّهَ عَارِفِينَ "مُؤْمِنِينَ" وَهُمْ فِي مَشِيئَتِهِ وَحُكْمِهِ إِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهُمْ، وَعَفَا عَنْهُمْ بِفَضْلِهِ، كَمَا ذَكَرَ - عز وجل - فِي كِتَابِهِ: ﴿ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ﴾

② اہل السنّت والجماعت کے قریب یہ ایمان کے ارکان واصول اور اصول دین ہیں (ملاحظہ فرمائیں: شرح العقيدة الطحاوية لأبي العز الحنفي: 235، وإتحاف السائل بما في الطحاوية من مسائل: 427، والتعليقات المختصرة علىٰ متن العقيدة الطحاوية: 149، وشرح العقيدة الطحاوية للشيخ الراجحي: 254).

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[النساء: 48، 116] وَإِنْ شَاءَ عَذَّبَهُمْ فِي النَّارِ بِعَدْلِهِ، ثُمَّ يُخْرِجُهُمْ مِنْهَا بِرَحْمَتِهِ وَشَفَاعَةِ الشَّافِعِينَ مِنْ أَهْلِ طَاعَتِهِ، ثُمَّ يَبْعَثُهُمْ إِلَىٰ جَنَّتِهِ، وَذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ تَعَالَىٰ تَوَلَّىٰ أَهْلَ مَعْرِفَتِهِ، وَلَمْ يَجْعَلْهُمْ فِي الدَّارَيْنِ كَأَهْلِ نُكْرَتِهِ الَّذِينَ خَابُوا مِنْ هِدَايَتِهِ، وَلَمْ يَنَالُوا مِنْ وَلَايَتِهِ، اللَّهُمَّ يَا وَلِيَّ الْإِسْلَامِ وَأَهْلِهِ ثَبِّتْنَا عَلَىٰ الْإِسْلَامِ حَتَّىٰ نَلْقَاكَ بِهِ.

۞ اور امت محمدیہ کے گناہ گار ہمیشہ جہنم میں نہیں رہیں گے، جبکہ وہ اللہ رب العزت کی توحید کا اقرار کرتے ہوئے اس دنیا سے رخصت ہوئے، اگرچہ وہ جن گناہوں کے مرتکب تھے ان سے تائب نہیں ہوئے تھے۔ عاصی مومنین کا معاملہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی مشیت و اختیار میں ہے، اگر چاہے بخش دے اور اپنا فضل کرتے ہوئے معاف کردے جیسا کہ قرآن حکیم میں ارشاد ربانی ہے: ﴿وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَٰلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ﴾ (النساء: 48، 116)

"شرک کے علاوہ دوسرے گناہوں کو جسے چاہے معاف کردے"۔

اور اگر چاہے اپنا عدل کرتے ہوئے جہنم کے عذاب میں داخل فرمادے، پھر اپنی رحمت فرماتے ہوئے یا کسی اپنے مطیع وفرمانبردار بندے کی شفاعت قبول کرتے ہوئے جہنم سے نکال دے، پھر جنت میں داخل فرمادے۔ اہل اطاعت کو شفاعت کا اختیار اس لیے عطاء کیا ہے کہ اہل معرفت اللہ تعالیٰ کے ولی ہیں، اللہ تبارک وتعالیٰ کا ان کے ساتھ دارین میں معاملہ ان منکرین جیسا نہیں ہے جو ہدایت سے بھٹک گئے اور ولایت کے درجہ پر فائز نہیں ہوسکے۔ اے پروردگار! اے اسلام اور مسلمانوں کے والی! ہمیں اپنی ملاقات تک اسلام پر ثابت قدم فرمادے۔ (آمین)

69- وَنَرَىٰ الصَّلَاةَ خَلْفَ كُلِّ بَرٍّ وَفَاجِرٍ مِنْ أَهْلِ الْقِبْلَةِ، وَعَلَىٰ مَنْ مَاتَ مِنْهُمْ.

۞ اور ہر مسلمان اہل قبلہ کے نیک وبد حکمران کے پیچھے نماز پڑھتے ہیں، اور ان میں سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فوت شدگان کے لیے دعائے رحمت ومغفرت کرتے ہیں۔

70- وَلَا نُنَزِّلُ أَحَدًا مِنْهُمْ جَنَّةً وَلَا نَارًا، وَلَا نَشْهَدُ عَلَيْهِمْ بِكُفْرٍ وَلَا بِشِرْكٍ وَلَا بِنِفَاقٍ، مَا لَمْ يَظْهَرْ مِنْهُمْ شَيْءٌ مِنْ ذٰلِكَ، وَنَذَرُ سَرَائِرَهُمْ إِلَى اللّٰهِ تَعَالَىٰ.

اور مسلمانوں میں سے کسی کے لیے جنت یا دوزخ کا قطعی فیصلہ صادر نہیں کرتے، کسی کے کفر، شرک اور نفاق کا فتویٰ جاری نہیں کرتے جب تک ان سے کفر، شرک اور نفاق کی کوئی علامت سرزد نہ ہو جائے۔ ان کے دل کے حال کو اللہ پر چھوڑ دیتے ہیں۔

71- وَلَا نَرَى السَّيْفَ عَلَىٰ أَحَدٍ مِنْ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا مَنْ وَجَبَ عَلَيْهِ السَّيْفُ.

اور امت محمدیہ میں سے کسی کے خلاف تلوار بلند کرنا درست خیال نہیں کرتے جب تک وہ کسی ایسے کام میں مبتلا نہ ہو جائیں جو ان کے خلاف تلوار اٹھانے کو جائز قرار دے۔

72- وَلَا نَرَى الْخُرُوجَ عَلَىٰ أَئِمَّتِنَا وَوُلَاةِ أُمُورِنَا وَإِنْ جَارُوا، وَلَا نَدْعُو عَلَيْهِمْ، وَلَا نَنْزِعُ يَدًا مِنْ طَاعَتِهِمْ، وَنَرَى طَاعَتَهُمْ مِنْ طَاعَةِ اللّٰهِ عزوجل فَرِيضَةً، مَا لَمْ يَأْمُرُوا بِمَعْصِيَةٍ، وَنَدْعُو لَهُمْ بِالصَّلَاحِ وَالْمُعَافَاةِ.

اور کسی امیر یا حکمران اگرچہ وہ ظالم ہی کیوں نہ ہو کی امارت سے نکلنا ٹھیک خیال نہیں کرتے، ان کے خلاف بددعا نہیں کرتے، ان کی اطاعت سے ہاتھ نہیں کھینچتے، ان کی اطاعت کو اللہ کی اطاعت کی طرح فرض تصور کرتے ہیں، جب تک وہ سربراہانِ وقت اللہ کی نافرمانی کا حکم نہ دیں، اور ان کے لیے صلاح ودرگزر کی دعا کرتے ہیں۔

73- وَنَتَّبِعُ السُّنَّةَ وَالْجَمَاعَةَ، وَنَجْتَنِبُ الشُّذُوذَ وَالْخِلَافَ وَالْفُرْقَةَ.

اور اہل السنّت والجماعت کے پیچھے چلتے ہیں، انفرادیت، پھوٹ اور تفرقہ سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اجتناب کرتے ہیں۔

74- وَنُحِبُّ أَهْلَ الْعَدْلِ وَالْأَمَانَةِ، وَنُبْغِضُ أَهْلَ الْجَوْرِ وَالْخِيَانَةِ.

۞ اور اہل عدل وامانت سے محبت اور اہل ظلم وخیانت سے بغض رکھتے ہیں۔

75- وَنَقُولُ: اللَّهُ أَعْلَمُ فِيمَا اشْتَبَهَ عَلَيْنَا عِلْمُهُ.

۞ اور جن چیزوں کا حال ہمیں معلوم نہیں ہے ان کے بارے میں اللہ اعلم (اللہ ہی خوب جاننے والا ہے) کہتے ہیں۔

76- وَنَرَىٰ الْمَسْحَ عَلَىٰ الْخُفَّيْنِ فِي السَّفَرِ وَالْحَضَرِ، كَمَا جَاءَ فِي الْأَثَرِ.

۞ اور سفر وحضر میں موزوں پر مسح کو جائز سمجھتے ہیں، جیسا کہ حدیث پاک میں وارد ہوا ہے۔

77- وَالْحَجُّ وَالْجِهَادُ مَاضِيَانِ مَعَ أُولِي الْأَمْرِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ، بَرِّهِمْ وَفَاجِرِهِمْ إِلَىٰ قِيَامِ السَّاعَةِ، لَا يُبْطِلُهُمَا شَيْءٌ وَلَا يَنْقُضُهُمَا.

۞ اور حج اور جہاد مسلمان نیک وبد اولی الامر کی معیت میں قیامت تک جاری رہے گا۔ کوئی شخص ان کو ساقط نہیں کر سکتا نہ ان میں کمی لا سکتا ہے۔

78- وَنُؤْمِنُ بِالْكِرَامِ الْكَاتِبِينَ، فَإِنَّ اللَّهَ قَدْ جَعَلَهُمْ عَلَيْنَا حَافِظِينَ.

۞ اور کراما کاتبین پر ایمان لاتے ہیں، ان کے بارے میں یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ اللہ پاک نے انہیں ہمارا محافظ مقرر فرمایا ہے۔

79- وَنُؤْمِنُ بِمَلَكِ الْمَوْتِ، الْمُوَكَّلِ بِقَبْضِ أَرْوَاحِ الْعَالَمِينَ.

۞ اور ملک الموت پر ایمان رکھتے ہیں، جو کہ عالمین کی روحوں کے قبض کرنے پر مامور ہے۔

80- وَبِعَذَابِ الْقَبْرِ لِمَنْ كَانَ له أَهْلًا، وَسُؤَالِ مُنْكَرٍ وَنَكِيرٍ فِي قَبْرِهِ عَنْ رَبِّهِ وَدِينِهِ وَنَبِيِّهِ، عَلَىٰ مَا جَاءَتْ به الْأَخْبَارُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَنِ الصَّحَابَةِ رِضْوَانُ اللهِ عَلَيْهِمْ.

۞ اور مستحقین عذاب کے لیے عذابِ قبر کو حق مانتے ہیں، قبر میں منکر نکیر کا اللہ رب العزت کے بارے میں سوال، دین اور نبی علیہ الصلاۃ والسلام کے بارے میں سوال کو احادیثِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور اقوالِ صحابہ رضی اللہ عنہم کی بنا پر صحیح جانتے ہیں۔

81- وَالْقَبْرُ رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ، أَوْ حُفْرَةٌ مِنْ حُفَرِ النِّيرَانِ.

۞ اور قبر جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے یا جہنم کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا ہے۔

82- وَنُؤْمِنُ بِالْبَعْثِ وَجَزَاءِ الْأَعْمَالِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَالْعَرْضِ وَالْحِسَابِ، وَقِرَاءَةِ الْكِتَابِ، وَالثَّوَابِ وَالْعِقَابِ، وَالصِّرَاطِ، وَالْمِيزَانِ.

۞ اور قیامت کے روز دوبارہ اٹھنے اور اعمال کی جزا و سزا کے ملنے، حساب و کتاب ہونے، اعمال نامہ پڑھنے، ثواب و عقاب کے ملنے، پل صراط اور میزان کے قائم ہونے پر ایمان رکھتے ہیں۔

83- وَالْجَنَّةُ وَالنَّارُ مَخْلُوقَتَانِ، لَا تَفْنَيَانِ أَبَدًا وَلَا تَبِيدَانِ، وَأَنَّ اللَّهَ تَعَالَىٰ خَلَقَ الْجَنَّةَ وَالنَّارَ قَبْلَ الْخَلْقِ، وَخَلَقَ لَهُمَا أَهْلًا فَمَنْ شَاءَ مِنْهُمْ إِلَىٰ الْجَنَّةِ فَضْلًا مِنْهُ، وَمَنْ شَاءَ مِنْهُمْ إِلَىٰ النَّارِ عَدْلًا مِنْهُ، وَكُلٌّ يَعْمَلُ لِمَا قَدْ فُرِغَ لَهُ، وَصَائِرٌ إِلَىٰ مَا خُلِقَ لَهُ.

۞ اور جنت و دوزخ اللہ تعالیٰ کی تخلیق کردہ اشیاء میں سے ہیں، جو کبھی فنا و ختم نہیں ہوں گی، اللہ پاک نے جنت و جہنم کو ان کے تمام خلق سے پہلے تخلیق کیا، اور پھر اس کے رہنے والوں کو تو ان میں سے جن کو چاہے گا اپنے فضل سے جنت والا بنا دے، جن کو چاہے اپنے عدل سے جہنم والوں میں سے کر دے۔ ہر اسی کے موافق عمل کر رہا ہے جن لوگوں میں سے اسے کر دیا گیا ہے اور وہ اس طرف چلا جائے گا جس کے لیے بنایا گیا تھا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

84- وَالْخَيْرُ وَالشَّرُّ مُقَدَّرَانِ عَلَىٰ الْعِبَادِ.

۞ اور خیر وشر لوگوں پر مقدر ہے۔

85- وَالِاسْتِطَاعَةُ الَّتِي يَجِبُ بِهَا الْفِعْلُ، مِنْ نَحْوِ التَّوْفِيقِ الَّذِي لَا يَجُوزُ أَنْ يُوصَفَ الْمَخْلُوقُ بِهِ - فَهِيَ مَعَ الْفِعْلِ، وَأَمَّا الِاسْتِطَاعَةُ مِنْ جِهَةِ الصِّحَّةِ وَالْوُسْعِ وَالتَّمَكُّنِ وَسَلَامَةِ الْآلَاتِ- فَهِيَ قَبْلَ الْفِعْلِ، وَبِهَا يَتَعَلَّقُ الْخِطَابُ، وَهُوَ كَمَا قَالَ تَعَالَىٰ: ﴿ لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا﴾[البقرة:286].

۞ اور وہ استطاعت جس کی وجہ سے فعل واجب ہوتا ہے، یہ وہ توفیق ہے جس سے مخلوق کو موصوف نہیں کرنا چاہیے، وہ استطاعت فعل کے ساتھ ہے، اور جو استطاعت صحت وسعت اور تمکین اور سلامت اعضا ہے وہ استطاعت فعل سے پہلے ہے، جس کے ساتھ خطاب متعلق ہے، جیسے رب العالمین کا فرمان ہے: ﴿ لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا﴾[البقرة:286]. ”اللہ تعالیٰ کسی جان کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا“۔

86- وَأَفْعَالُ الْعِبَادِ خَلْقُ اللَّهِ، وَكَسْبٌ مِنَ الْعِبَادِ.

۞ اور بندوں کے افعال اللہ پاک کی تخلیق (مخلوق) ہیں اور بندے اس کے کمانے (کرنے) والے ہیں۔

87- وَلَمْ يُكَلِّفْهُمُ اللَّهُ تَعَالَىٰ إِلَّا مَا يُطِيقُونَ، وَلَا يُطِيقُونَ إِلَّا مَا كَلَّفَهُمْ وَهُوَ تَفْسِيرُ: ”لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ“ نَقُولُ: لَا حِيلَةَ لِأَحَدٍ، وَلَا حَرَكَةَ لِأَحَدٍ، وَلَا تَحَوُّلَ لِأَحَدٍ عَنْ مَعْصِيَةِ اللَّهِ إِلَّا بِمَعُونَةِ اللَّهِ، وَلَا قُوَّةَ لِأَحَدٍ عَلَىٰ إِقَامَةِ طَاعَةِ اللَّهِ وَالثَّبَاتِ عَلَيْهَا إِلَّا بِتَوْفِيقِ اللَّهِ.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

✡ اور اللہ تبارک وتعالیٰ بندے کو اتنا ہی مکلّف فرماتے ہیں جس قدر وہ احکام بجالانے کی طاقت وملکہ رکھتا ہو، اور طاقت وصلاحیت اتنی عطا فرمادیتے ہیں جس قدر مکلّف فرمایا گیا ہے یہی "لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ" کی تفسیر ہے۔ جس کے بارے میں ہم کہتے ہیں: کسی ہستی کی کوئی تدبیر نہیں، اور نہ ہی کوئی حرکت، اور کوئی بھی طاقت گناہ کے کاموں سے اللہ کی مدد کے بغیر بچ نہیں سکتی، اور کسی میں اللہ پاک کی اطاعت پر قائم اور ثابت قدم رہنے کی طاقت ماسوائے اللہ تعالیٰ کی توفیق کے بغیر نہیں ہے۔

88- وَكُلُّ شَيْءٍ يَجْرِي بِمَشِيئَةِ اللَّهِ تَعَالَىٰ وَعِلْمِهِ وَقَضَائِهِ وَقَدَرِهِ، غَلَبَتْ مَشِيئَتُهُ الْمَشِيئَاتِ كُلَّهَا، وَغَلَبَ قَضَاؤُهُ الْحِيَلَ كُلَّهَا، يَفْعَلُ مَا يَشَاءُ وَهُوَ غَيْرُ ظَالِمٍ أَبَدًا، تَقَدَّسَ عَنْ كُلِّ سُوءٍ وَحَيْنٍ، وَتَنَزَّهَ عَنْ كُلِّ عَيْبٍ وَشَيْنٍ: ﴿ لَا يُسْأَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْأَلُونَ ﴾[الأنبياء: 23].

✡ اور ہر چیز اللہ رب العزت کی مشیت، علم، فیصلہ اور قدرت کے مطابق اعمال بجالا رہی ہے۔ اللہ پاک کی مشیت تمام مشیتوں پر غالب ہے، اس کا فیصلہ تمام حیلوں اور تدبیروں پر فائق ہے۔ وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ کبھی ظلم نہیں کرتا، وہ ہر برائی وعیب سے پاک ہے، ہر خرابی ونقص سے منزہ ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿ لَا يُسْأَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْأَلُونَ ﴾.

"اس کے کاموں کے بارے میں کوئی اس سے نہیں پوچھ سکتا وہ سب سے باز پرس کرنے والا ہے"۔

89- وَفِي دُعَاءِ الْأَحْيَاءِ وَصَدَقَاتِهِمْ مَنْفَعَةٌ لِلْأَمْوَاتِ.

✡ اور زندوں کی دعاؤں، اور صدقات سے مردوں کو نفع پہنچتا ہے۔

90- وَاللَّهُ تَعَالَىٰ يَسْتَجِيبُ الدَّعَوَاتِ، وَيَقْضِي الْحَاجَاتِ.

✡ اور اللہ رب العزت دعاؤں کو قبول کرتے ہیں اور حاجات کو پورا کرتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

